سوال

(63)قرآن شریف کی آیات پڑھ کر دھاگے میں دم کرنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قرآن شریف کی آیات پڑھ کر دھاگے میں دم کرنا جائز ہے۔ یا نہیں۔ اگر جائز ہے تو حدیث **من عقد فقد سحرا وکما قال** کا کیا مطلب ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو لوگ دھاگوں میں گرہ دے دے کر پڑھتے ہیں۔ اور ٹوٹکے کرتے ہیں۔ اُن کے متعلق قرآنی تعلیم یہ ہے۔

وَمِن شَرِّ النَّفّـٰثـٰتِ فِى العُقَدِ

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے ایسے کاموں سے پناہ مانگنے کی تعلیم دی ہے۔ قرآنی آیات کو بھی اس طرح استعمال کرنا چاہیے۔ جس طرح سلف سے منقول ہو۔ (فقط مفتی۔ (فتاوی ستاریہ جلد نمبر 1 صفحہ 78)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 12 ص 137

محدث فتویٰ